## سوال

زکوۃ

## جواب

اہل بیت کے لئے زکوۃ لینے کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا ایک سید دوسرے سید کو زکوۃ دے سکتا ہے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال و علیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اگر تو کوئی شخص واقعی اہل بیت میں سے ہو تو اسے زکوۃ لینا جائز نہیں ہے ،دینے والا خواہ کوئی بھی ہو۔ نبی کریم نے فرمایا : «إِنَّ ہٰذِہِ الصَّدَقَۃَ ، إِنَّمَا ہِيَ أَوْسَاخُ النَّاسِ ، وَإِنَّہَا لَا تَحِلُّ ، لِمُحَمَّدٍ وَلَا لِآلِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللہُ عَلَيْہِ وَسَلَّمَ » (نسائی :2609) یہ صدقہ محمد اور آل محمد کے لئے کھانا جائز نہیں ہے، کیونکہ یہ لوگوں کے مالوں کی میل ہوتی ہے ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث